# یاسمین لاری کو تعمیرات پر برطانیہ میں پہلا رائل گولڈ میڈل دینے کا اعلان

**28اپریل ، 2023**

لندن (جنگ نیوز) پاکستان کی عالمی شہرت یافتہ پہلی خاتون آرکیٹکٹ پروفیسر یاسمین لاری کو برطانوی شاہ چارلس سے منسوب پہلا کنگز رائل گولڈ میڈل دینے کا اعلان کیا گیا ہے۔ انہیں بے گھر افراد کے لیے خود سے تعمیر آلودگی (کاربن) سے پاک مکانات تعمیر کرنے کے اعتراف میں اس اعزاز سے نوازا گیا ہے۔ یہ تعمیرات میں خدمات پر دنیا کا اعلیٰ ترین اعزاز ہے جو رائل انسٹی ٹیوٹ آف برٹش آرکیٹیکٹس کی جانب سے دیا جاتا ہے۔ یاسمین لاری کے لیے اس اعزاز کی شاہ چارلس نے ذاتی طور پر منظوری دی ہے۔